السنّة النبوية وعلومها
www.sunnah.global

”سنو اور اطاعت کرو۔ ان پر اس بات کی ذمہ داری ہے، جو ان کے اوپر ڈالی گئی ہے اور تم پر اس بات کی ذمہ داری ہے جو تم پر ڈالی گئی ہے“۔

وائل حضرمی کہتے ہیں کہ سلمہ بن یزید جعفی رضی اللہ عنہ نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم سے پوچھا: اے اللہ کے نبی! اگر ہم پر ایسے حکمراں مسلط ہو جائیں، جو اپنا حق تو ہم سے وصول کریں، لیکن ہمارا حق ہمیں نہ دیں، تو آپ اس معاملے میں ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے ان سے اعراض کیا۔ انھوں نے دوبارہ سوال کیا، تو بھی آپ ﷺ نے ان کی بات پر توجہ نہ دی، انہوں نے پھر سوال کیا دوسری بار یا تیسری بار تو ان کو اشعث بن قیس نے کھینچ لیا، اور آپ ﷺ نے فرمایا: ”سنو اور اطاعت کرو۔ ان پر اس بات کی ذمہ داری ہے، جو ان کے اوپر ڈالی گئی ہے اور تم پر اس بات کی ذمہ داری ہے جو تم پر ڈالی گئی ہے“۔

[صحیح] [اسے مسلم نے روایت کیا ہے]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم سے ایسے حکمرانوں کے بارے میں پوچھا گیا، جو لوگوں سے اپنی بات ماننے اور پیروی کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں، لیکن انصاف کرنے، مال غنیمت دینے، ظلم سے بچانے اور برابری کا معاملہ کرنے جیسے اپنے اوپر عائد ہونے والے لوگوں کے حقوق ادا نہیں کرتے۔ ایسے میں ان کے ساتھ کیا برتاؤ ہونا چاہیے؟ یہ سوال سننے کے بعد اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے سائل سے منہ پھیر لیا۔ ایسا لگا کہ آپ کو یہ سوال پسند نہیں آیا۔ لیکن سائل اپنا سوال دوسری بار اور پھر تیسری بار دوہراتا رہا۔ یہ دیکھ کر اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ نے خاموش کرنے کے لیے سائل کو کھینچا۔ لہذا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے سوال کا جواب دے دیا۔ فرمایا : تم ان کی بات سنو اور ان کے حکم کی تعمیل کرو۔ کیوں کہ ان کو عدل و انصاف کرنے اور عوام کو ان کا حق دینے جیسی ذمہ داریوں کا جواب دینا ہے، جو ان کے سر پر ڈالی گئی ہیں اور تمہیں اطاعت گزاری، حقوق کی ادائیگی اور آزمائش کے موقع پر صبر جیسی ان ذمہ داریوں کا جواب دینا ہے، جو تمہارے سر پر ڈالی گئی ہیں۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5037

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY